© rasailojaraid.com



کتاب کا نام : ہندومت اسلام اور پاکستان

مصنف : ڈاکٹر عمر حیات سیال

ناشر : ندوۃ القلم اردو بازار کراچی جنوری ۲۰۰۸ء

قیمت و صفحات : ۹۰ روپے ۷۷ صفحات

ڈاکٹر صاحب کسی تعارف کے محتاج نہیں طویل عرصہ سے شیخ زاید سینٹر جامعہ کراچی میں تدریسی فرائض انجام دے رہے ہیں۔ بہت محنتی اور منکسر المزاج شخصیت کے حامل ہیں۔ متعدد موضوعات پر آپ کی تصانیف شایع ہو چکی ہیں۔ جن میں سے کچھ کا تعارف یہاں پیش کیا جا رہا ہے کتاب چھ ابواب پر مشتمل ہے جسمیں ہندو مذہب کی تاریخ ہندو مسلم تعلقات ہندو اخلاق سیاست، ہندوؤں کا سلوک مسلمانوں سے قیام پاکستان کے بعد اور عیار ہندو کی پاکستان دوستی اور قائد اعظم کی شخصیت جیسے مباحث کتاب کا حصہ ہیں۔ کتاب اپنے موضوع پر مختصر و جامع ہے۔

کتاب کا نام : امت مسلمہ کو درپیش مسائل اور مولانا محمد علی جوہر

مصنف : ڈاکٹر عمر حیات سیال

ناشر : ندوۃ القلم اردو بازار کراچی جنوری ۲۰۰۸ء

قیمت و صفحات : ۱۰۰ روپے - ۸۰ صفحات

مولانا محمد علی جوہر امت مسلمہ کے ان عظیم رہنماؤں میں سے ہیں جو انگریزی تعلیم یافتہ ہونے کے باوجود انگریز سے مرعوب نہیں تھے نہ اسکی فکر کے اسیر تھے بلکہ پختہ مسلمان تھے مصنف نے ان کے حالات بیان کر کے ان کی تقاریر کے اقتباسات پیش کرنے کے ساتھ ان کی آزادی و حریت کے افکار کو پیش کیا گیا ہے اگر یہ کتاب مجھے پہلے ملتی تو میں اس سے اپنی کتاب ''آپ ﷺ کی گفتگو و خطاب کا طریقہ سیرت طیبہ ﷺ کی روشنی میں'' ضرور استفادہ کرتا۔ آج کے نوجوان کو مولانا کے افکار اپنانے اور فن تقریر پر عبور حاصل کرنے کے لئے اس کتاب سے استفادہ کرنا چاہیے۔

© rasailojaraid.com